

وَاِذَا سَمِعُوْا مَآ اُنْزِلَ اِلَى الرَّسُوْلِ تَرٰٓى

اور جسوقت وہ اُسے سنتے ہیں جو کچھ رسول کی طرف نازل کیا گیا ہو تم دیکھتے ہو کہ

اَعْيُنَهُمْ تَفِيْضُ مِنَ الدَّمْعِ مِمَّا عَرَفُوْا مِنَ الْحَقِّ

اُنکی آنکھوں سے آنسو جاری ہوجاتے ہیں اسلئے کہ اُنہوں نے حق کو پہچان لیا ہے

يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اٰمَنَّا فَاكْتُبْنَا مَعَ الشّٰهِدِيْنَ ○ وَمَا

اور وہ یہ کہتے ہیں کہ اے ہمارے پروردگار ہم ایمان لائے پس تو ہمکو بھی گواہی دینے والوں میں لکھ لے اور ہمیں کیا

لَنَا لَا نُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَمَا جَآءَنَا مِنَ الْحَقِّ ۙ وَنَطْمَعُ

ہوگیا ہے کہ ہم اللہ پر اور اُس حق پر جو ہمارے پاس آچکا ہے ایمان نہ لائیں حالانکہ ہم یہ خواہش رکھتے ہیں

اَنْ يُّدْخِلَنَا رَبُّنَا مَعَ الْقَوْمِ الصّٰلِحِيْنَ ○ فَاَثَابَهُمُ اللّٰهُ

کہ ہمارا پروردگار ہمکو نیک لوگوں میں داخل کرلے پس اللہ نے انکے اس قول کے



بِمَا قَالُوْا جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ

صلے میں ایسی جنتیں دیدیں جنکے نیچے ندیاں بہتی ہیں اُن میں وہ ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے

فِيْهَا ۭ وَذٰلِكَ جَزَآءُ الْمُحْسِنِيْنَ ○ وَالَّذِيْنَ

اور نیکوں کا عوض یہی ہے اور جو لوگ

كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَآ اُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ○ ع ۹ ۱۱ ۱

کافر ہوگئے اور جنہوں نے ہماری نشانیوں کو جھٹلایا جہنمی وہی ہیں

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُحَرِّمُوْا طَيِّبٰتِ مَآ

اے ایمان لانے والو جو کچھ اللہ نے تمہارے لئے حلال کیا ہے اُنہیں سے پاک چیزوں کو

اَحَلَّ اللّٰهُ لَكُمْ وَلَا تَعْتَدُوْا ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ

حرام مت کرلو اور زیادتی نہ کرو بیشک اللہ زیادتی کرنیوالوں کو

الْمُعْتَدِيْنَ ○ وَكُلُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ حَلٰلًا

دوست نہیں رکھتا اور جو کچھ اللہ نے تمکو دیا ہے اُسمیں سے حلال (اور)

طَيِّبًا وَّاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيْٓ اَنْتُمْ بِهٖ مُؤْمِنُوْنَ ۝

پاک چیزیں کھاؤ اور اُس اللہ سے ڈرتے رہو جسپر تم ایمان رکھتے ہو

لَا يُؤَاخِذُكُمُ اللّٰهُ بِاللَّغْوِ فِيْٓ اَيْمَانِكُمْ وَلٰكِنْ يُّؤَاخِذُكُمْ

خدا تعالےٰ تمہاری مہمل قسموں پر کوئی مواخذہ نکریگا لیکن اُن قسموں پر مواخذہ کریگا

بِمَا عَقَّدْتُّمُ الْاَيْمَانَ ۚ فَكَفَّارَتُهٗٓ اِطْعَامُ عَشَرَةِ

جو تمنے (قصدًا) کھائی ہوں پس ایسی قسم کا کفارہ دس مسکین کا کھانا کھلانا

مَسٰكِيْنَ مِنْ اَوْسَطِ مَا تُطْعِمُوْنَ اَهْلِيْكُمْ اَوْ

ہے متوسط قسم کے کھانے میں سے جو تم اپنے متعلقین کو کھلاتے ہو یا

كِسْوَتُهُمْ اَوْ تَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ ۭ فَمَنْ لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ

دس آدمیوں کو کپڑے پہنا دینا ہے یا ایک غلام آزاد کر دینا اور جسے یہ میسر نہو تو تین دن کے متواتر روزے

ثَلٰثَةِ اَيَّامٍ ۭ ذٰلِكَ كَفَّارَةُ اَيْمَانِكُمْ اِذَا حَلَفْتُمْ ۭ

رکھدینا یہ تمہاری قسموں کا کفارہ اُسوقت ہی جبکہ تم پکی قسم کر چکے ہو

وَاحْفَظُوْٓا اَيْمَانَكُمْ ۭ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اٰيٰتِهٖ

اور اپنی قسموں کی حفاظت کرو اسطرح اللہ اپنے احکام کو کھولکر بیان کرتا ہی

لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّمَا الْخَمْرُ

تاکہ تم شکر گزار ہو اے ایمان لانیوالو شراب

وَالْمَيْسِرُ وَالْاَنْصَابُ وَالْاَزْلَامُ رِجْسٌ مِّنْ عَمَلِ

اور جوا اور بجے ہوئے بت اور پاسے سوائے اسکے کیا ہیں کہ شیطان کے

الشَّيْطٰنِ فَاجْتَنِبُوْهُ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝ اِنَّمَا يُرِيْدُ

کام میں سے ناپاک کام ہیں پس اُنسے اجتناب کرو تاکہ تم فلاح پاؤ شیطان تو

الشَّيْطٰنُ اَنْ يُّوْقِعَ بَيْنَكُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَاۗءَ

چاہتا یہی ہے کہ تمہارے مابین شراب اور جوئے کے سبب عداوت

فِي الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ وَيَصُدَّكُمْ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ وَعَنِ

اور بغض ڈالدے اور تمکو یاد خدا سے اور نماز سے

الصَّلٰوةِ فَهَلْ أَنْتُمْ مُنْتَهُوْنَ ○ وَأَطِيْعُوا اللّٰهَ

روکے تو اب (بھی) باز آؤگے اور اللہ کی

وَأَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَاحْذَرُوْا فَإِنْ تَوَلَّيْتُمْ فَاعْلَمُوْا

اور (اللہ کے) رسول کی اطاعت کرو اور ڈرتے رہو پھر اگر تم روگردان ہوگے تو سمجھ لوکہ

أَنَّمَا عَلٰى رَسُوْلِنَا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ○ لَيْسَ عَلَى الَّذِيْنَ

ہمارے رسول کے ذمہ تو صرف کھولکر پہنچا دینا ہے جو لوگ ایمان لائے

آمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جُنَاحٌ فِيْمَا طَعِمُوْا إِذَا

اور جو نیک عمل کرتے رہے انہون نے جو کچھ کھایا پیا ہو اُسکے بارے مین اُنپر

مَا اتَّقَوْا وَّآمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ثُمَّ اتَّقَوْا وَّآمَنُوْا

کوئی گناہ نہین ہے جس حال مین کہ وہ ڈرتے رہے اور ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے پھر وہ ڈرتے

ثُمَّ اتَّقَوْا وَّأَحْسَنُوْا وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ○ ع ۱۳ ۷ ۲

رہے اور ایمان لائے پھر وہ ڈرتے رہے اور نیکی کرتے رہے اور اللہ نیکی کرنیوالون کو دوست رکھتا ہے

يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا لَيَبْلُوَنَّكُمُ اللّٰهُ بِشَيْءٍ مِّنَ

اے ایمان لانیوالو ضرور ہے کہ اللہ تعالے ایک ذراسی بات یعنی اُس شکار کے بارے مین

الصَّيْدِ تَنَالُهٗ أَيْدِيْكُمْ وَرِمَاحُكُمْ لِيَعْلَمَ اللّٰهُ مَنْ

تمھاری آزمائش کریگا جس تک تمھارے ہاتھ اور نیزے پہنچین تاکہ اللہ یہ جان لے کہ

يَّخَافُهٗ بِالْغَيْبِ فَمَنِ اعْتَدٰى بَعْدَ ذٰلِكَ فَلَهٗ

اُس بے دیکھے بھالے کون ڈرتا ہے پس جو اسکے بعد زیادتی کرے گا اُسی کے لئے

عَذَابٌ أَلِيْمٌ ○ يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا لَا تَقْتُلُوا

دردناک عذاب ہے اے ایمان لانے والو جب تم احرام کی حالت

الصَّيْدَ وَاَنْتُمْ حُرُمٌ ۭ وَمَنْ قَتَلَهٗ مِنْكُمْ مُّتَعَمِّدًا فَجَزَاۗءٌ

مین ہو تو شکار کو قتل نکرو اور جو تم مین سے جان بوجھکر شکار کو قتل کریگا تو اُسکا بدلہ

مِّثْلُ مَا قَتَلَ مِنَ النَّعَمِ يَحْكُمُ بِهٖ ذَوَا عَدْلٍ مِّنْكُمْ

چوپایون مین سے ویسا ہی ہے جیسا کہ اُسنے قتل کیا جسکے بارے مین تم مین سے دو منصف حکم لگا دینگے

هَدْيًۢا بٰلِغَ الْكَعْبَةِ اَوْ كَفَّارَةٌ طَعَامُ مَسٰكِيْنَ اَوْ

اور یہ قربانی کعبہ پہنچائی جائیگی یا کفارہ ہوگا مسکینون کا کھانا کھلانا یا

عَدْلُ ذٰلِكَ صِيَامًا لِّيَذُوْقَ وَبَالَ اَمْرِهٖ ۭ عَفَا اللّٰهُ

اُسی تعداد مین برابر روزے رکھنا تاکہ اپنے کئے کا مزہ چکھے جو پہلے ہوچکا اُس سے اللہ

عَمَّا سَلَفَ ۭ وَمَنْ عَادَ فَيَنْتَقِمُ اللّٰهُ مِنْهُ ۭ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ

نے درگزر کی اور جو پھر ایسا کریگا پس اُس سے اللہ بدلہ لے گا اور اللہ زبردست

ذُو انْتِقَامٍ ۝ اُحِلَّ لَكُمْ صَيْدُ الْبَحْرِ وَطَعَامُهٗ

(اور) بدلہ لینے والا ہی دریائی شکار کرنا اور اُس شکار کا کھانا تمہارے اور تمہارے قافلہ

مَتَاعًا لَّكُمْ وَلِلسَّيَّارَةِ ۚ وَحُرِّمَ عَلَيْكُمْ صَيْدُ

کے فائدہ کے لئے حلال کیا گیا ہے اور جبتک تم احرام کی حالت مین ہو خشکی کا شکار

الْبَرِّ مَا دُمْتُمْ حُرُمًا ۭ وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيْٓ اِلَيْهِ

تم پر حرام کیا گیا ہے اور اللہ سے ڈرتے رہو جسکی حضور مین تم اکٹھے

تُحْشَرُوْنَ ۝ جَعَلَ اللّٰهُ الْكَعْبَةَ الْبَيْتَ الْحَرَامَ

کیے جاؤ گے اللہ نے حرمت والے مکان کعبہ کو لوگون کے قیام کا

قِيٰمًا لِّلنَّاسِ وَالشَّهْرَ الْحَرَامَ وَالْهَدْيَ وَالْقَلَاۗىِٕدَ

باعث کیا ہے اور اسی طرح حرمت والے مہینہ کو اور قربانی کو اور پٹے دار قربانیون کو

ذٰلِكَ لِتَعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ

یہ اس لئے کہ تم جان لو کہ آسمانون مین اور زمین مین جو کچھ ہے

ریوڑ میں چھوڑدیجاتی اور اگر ایک نر اور ایک مادہ ہوتے تو انمیں سے مادہ کی نسبت کہاجاتا کہ یہ اپنے بھائی کے ساتھ پیدا ہوئی ہے وصیلہ ہے پس دونوں ذبح نہ کئے جاتے اور دونوں کا گوشت

وَمَا فِي الْأَرْضِ وَأَنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ ○ اِعْلَمُوا
اُسکو اللہ جانتا ہے اور اللہ ہر شے سے آگاہ ہے یہ (بھی) سمجھ لو
أَنَّ اللّٰهَ شَدِيدُ الْعِقَابِ وَأَنَّ اللّٰهَ غَفُورٌ رَحِيمٌ ○
کہ اللہ بڑا سخت عذاب دینے والا ہے اور اللہ بڑا بخشنے والا اور رحم کرنے والا ہی
مَا عَلَى الرَّسُولِ إِلَّا الْبَلَاغُ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تُبْدُونَ
رسول کے ذمہ سوائے پہنچادینے کے اور کچھ نہیں ہے اور جو کچھ تم ظاہر کرتے ہو اور جو کچھ چھپاتے ہو
وَمَا تَكْتُمُونَ ○ قُلْ لَا يَسْتَوِي الْخَبِيثُ وَالطَّيِّبُ
اُسے اللہ جانتا ہے کہدو کہ بُرا اور اچھا برابر نہیں ہوسکتا گو تمہیں بُرے کی
وَلَوْ أَعْجَبَكَ كَثْرَةُ الْخَبِيثِ فَاتَّقُوا اللّٰهَ يَا أُولِي
کثرت تعجب میں ڈالے پس اے عقل والو اللہ سے ڈرتے رہو
الْأَلْبَابِ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ ○ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ ع ١٣ ٣
تاکہ تم فلاح پاؤ اے ایمان لانے والو
آمَنُوا لَا تَسْأَلُوا عَنْ أَشْيَاءَ إِنْ تُبْدَ لَكُمْ تَسُؤْكُمْ
اُن چیزوں کی نسبت سوال نہ کرو جو اگر تمہارے لئے کھولکر بیان کی جائیں تو تمکو
وَإِنْ تَسْأَلُوا عَنْهَا حِينَ يُنَزَّلُ الْقُرْآنُ تُبْدَ لَكُمْ
بُری لگیں اور اگر قرآن نازل ہوتے وقت تم اُنکی نسبت سوال کروگے تو وہ تمہارے لئے ظاہر کردی جائینگی
عَفَا اللّٰهُ عَنْهَا وَاللّٰهُ غَفُورٌ حَلِيمٌ ○ قَدْ سَأَلَهَا
اللہ نے اُنسے درگزر فرمائی ہے اور اللہ بڑا بخشنے والا (اور) بردبار ہے تم سے پہلے لوگوں نے بھی
قَوْمٌ مِنْ قَبْلِكُمْ ثُمَّ أَصْبَحُوا بِهَا كَافِرِينَ ○ مَا
ان باتوں کو دریافت کیا تھا پھر اُنکے منکر ہوگئے اللہ
جَعَلَ اللّٰهُ مِنْ بَحِيرَةٍ وَلَا سَائِبَةٍ وَلَا وَصِيلَةٍ
نے کنپھٹی اونٹنی۔ اونٹوں کا سانڈ۔ بکری کا جڑواں بچہ اور بہت بوڑھا اونٹ (یہ چیزیں)

آیت نازل کی کہ خدا نے انکو حرام قرار نہیں دیا اور ایک روایت میں ہے کہ جب کوئی اونٹنی پانچ بچے تک دے چکتی تو اگر پانچواں نر ہوتا تو اسکو ذبح کرکے مرد و عورت کھالیتے اور اگر مادہ

وَلَا حَامٍ وَّلٰكِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ

نہین مقرر کی نہین بلکہ جو لوگ کافر ہو گئے وہ اللہ پر جھوٹا بہتان

الْكَذِبَ ۭ وَاَكْثَرُهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ ○ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ

باندھتے ہین حالانکہ اُنہین سے بہت سے عقل نہین رکھتے اور جسوقت اُنسے یہ کہا جاتا ہے

تَعَالَوْا اِلٰى مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ وَاِلَى الرَّسُوْلِ قَالُوْا حَسْبُنَا

کہ رسول کے پاس آؤ اور اللہ نے جو کچھ نازل کیا ہے اسے دیکھو (تو) وہ کہدیتے ہین کہ ہمنے

مَا وَجَدْنَا عَلَيْهِ اٰبَاۗءَنَا ۭ اَوَلَوْ كَانَ اٰبَاۗؤُهُمْ

جس (طریقے) پر اپنے باپ دادا کو پایا وہی ہمارے لئے کافی ہے بھلا اگرچہ اُنکے باپ دادا بے علم

لَا يَعْلَمُوْنَ شَيْـًٔا وَّلَا يَهْتَدُوْنَ ○ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ

و گمراہ تھے (تو بھی) (وہ کافی جانین گے؟) اے ایمان لانے

اٰمَنُوْا عَلَيْكُمْ اَنْفُسَكُمْ ۚ لَا يَضُرُّكُمْ مَّنْ ضَلَّ اِذَا

والو تمکو اپنی جانون کی حفاظت لازم ہے کہ جب تم ہدایت یافتہ ہو تو جو لوگ گمراہ ہین وہ تمکو

اهْتَدَيْتُمْ ۭ اِلَى اللّٰهِ مَرْجِعُكُمْ جَمِيْعًا فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا

ضرر نہ پہنچا سکین اللہ ہی کی طرف تم سب کی رجوع ہوگی پھر جو کچھ تم کیا کرتے تھے اس

كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ○ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا شَهَادَةُ

وہ تمکو خبردار کردے گا اے ایمان لانے والو جب تم مین سے

بَيْنِكُمْ اِذَا حَضَرَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ حِيْنَ الْوَصِيَّةِ

کسی کی موت آجائے تو تمہارے آپس کی شہادت وصیت کے وقت

اثْنٰنِ ذَوَا عَدْلٍ مِّنْكُمْ اَوْ اٰخَرٰنِ مِنْ غَيْرِكُمْ اِنْ اَنْتُمْ

دو کی ہو جو تم مین سے عادل ہون یا اگر تم سفر مین ہو اور تمپر موت کی مصیبت

ضَرَبْتُمْ فِي الْاَرْضِ فَاَصَابَتْكُمْ مُّصِيْبَةُ الْمَوْتِ ۭ تَحْبِسُوْنَهُمَا

آن پڑے تو وہ دو غیرون ہی مین سے ہون اُنہین نماز کے

مِنْ بَعْدِ الصَّلٰوةِ فَيُقْسِمٰنِ بِاللّٰهِ اِنِ ارْتَبْتُمْ لَا نَشْتَرِيْ

بعد تک روک رکھو اگر تمہیں شک ہو تا کہ وہ اللہ کی قسم کھا کر کہیں کہ ہم اپنی شہادت کسی معاوضہ

بِهٖ ثَمَنًا وَّلَوْ كَانَ ذَا قُرْبٰى وَلَا نَكْتُمُ شَهَادَةَ اللّٰهِ اِنَّآ

پر فروخت نہیں کرینگے گو (ہمارا) کوئی قرابت دار ہی کیوں نہ ہو اور ہم سچی گواہی کو نہیں چھپاتے ہیں کہ اس صورت

اِذًا لَّمِنَ الْاٰثِمِيْنَ ○ فَاِنْ عُثِرَ عَلٰٓى اَنَّهُمَا اسْتَحَقَّآ اِثْمًا

میں گنہگاروں میں سے ہو جائیں گے پھر اگر اس بات کا علم ہو جائے کہ وہ دونوں جھوٹی گواہی

فَاٰخَرٰنِ يَقُوْمٰنِ مَقَامَهُمَا مِنَ الَّذِيْنَ اسْتَحَقَّ عَلَيْهِمُ

کے سبب سزا کے مستحق ہو گئے تو دو اور گواہ انکے قائم مقام ان لوگوں میں سے ہوں جنکا حق مارا جاتا تھا

الْاَوْلَيٰنِ فَيُقْسِمٰنِ بِاللّٰهِ لَشَهَادَتُنَآ اَحَقُّ مِنْ شَهَادَتِهِمَا

حق (شہادت بوجہ قرابت ومعرفت) زیادہ تھا اور وہ خدا کی قسم کھا کر یہ کہیں کہ ہماری گواہی ان دونوں کی گواہی سے زیادہ

وَمَا اعْتَدَيْنَآ اِنَّآ اِذًا لَّمِنَ الظّٰلِمِيْنَ ○ ذٰلِكَ اَدْنٰٓى

سچی (اور معتبر) ہے۔ اور ہم نے کسی قسم کی زیادتی نہیں کی ایسا کیا ہو تو ہم بھی ضرور ظالموں میں سے ہیں یہی طریقہ اس بات

اَنْ يَّاْتُوْا بِالشَّهَادَةِ عَلٰى وَجْهِهَآ اَوْ يَخَافُوْٓا اَنْ تُرَدَّ

کے لئے زیادہ موزوں ہے کہ وہ لوگ سچی سچی گواہی دیدیں یا اس سے ڈریں کہ انکی قسم دوسروں کی

اَيْمَانٌۢ بَعْدَ اَيْمَانِهِمْ ۭ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاسْمَعُوْا ۭ وَاللّٰهُ

قسم کے بعد رد کی جائے گی اور اللہ سے ڈرو اور (اسکے احکام) سنتے رہو اور اللہ

ع ۱۴ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ○ يَوْمَ يَجْمَعُ اللّٰهُ الرُّسُلَ

نافرمان لوگوں کی راہبری نہیں فرماتا جس دن اللہ رسولوں کو جمع کر کے

فَيَقُوْلُ مَاذَآ اُجِبْتُمْ ۭ قَالُوْا لَا عِلْمَ لَنَا ۭ اِنَّكَ اَنْتَ

دریافت فرمائیگا کہ تمکو کیا جواب دیا گیا تھا تو وہ عرض کرینگے کہ ہمکو علم نہیں ہے تو ہی سب پوشیدہ باتوں کا

عَلَّامُ الْغُيُوْبِ ○ اِذْ قَالَ اللّٰهُ يٰعِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ اذْكُرْ

جاننے والا تو ہی ہے (اس وقت کو یاد کرو) جب خدا تعالیٰ فرمائیگا کہ اے عیسیٰ ابن مریم (ذرا میری

نِعْمَتِي عَلَيْكَ وَعَلَىٰ وَالِدَتِكَ إِذْ أَيَّدتُّكَ بِرُوحِ

اُن نعمتون کو تو یاد کرو جو تم پر اور تمھاری والدہ پر تھین کہ مین نے روح القدس کے ذریعہ سے تمھاری

الْقُدُسِ تُكَلِّمُ النَّاسَ فِي الْمَهْدِ وَكَهْلًا وَإِذْ

تائید کی تم بچپن مین اور بڑھاپے مین لوگون سے (یکسان) باتین کرتے تھے اور یہ کہ

عَلَّمْتُكَ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ وَالتَّوْرَاةَ وَالْإِنجِيلَ

مین نے تمکو کتاب اور شریعت اور توریت اور انجیل کی تعلیم دی

وَإِذْ تَخْلُقُ مِنَ الطِّينِ كَهَيْئَةِ الطَّيْرِ بِإِذْنِي فَتَنفُخُ

اور یہ کہ جسوقت تم میرے حکم سے گندھی ہوئی مٹی مین سے پرندے کی سی صورت بناتے تھے پھر اسمین پھونک

فِيهَا فَتَكُونُ طَيْرًا بِإِذْنِي وَتُبْرِئُ الْأَكْمَهَ وَالْأَبْرَصَ

مارتے تھے تو وہ میرے حکم سے پرندہ بنجاتا تھا اور تم مادرزاد اندھے اور کوڑھی کو میرے حکم سے اچھا

بِإِذْنِي وَإِذْ تُخْرِجُ الْمَوْتَىٰ بِإِذْنِي وَإِذْ كَفَفْتُ

کردیتے تھے اور یہ کہ تم مُردون کو میرے حکم سے زندہ کرتے تھے اور یہ کہ مین نے بنی اسرائیل کو

بَنِي إِسْرَائِيلَ عَنكَ إِذْ جِئْتَهُم بِالْبَيِّنَاتِ فَقَالَ

تمھاری ایذادہی سے باز رکھا جسوقت تم اُنکے پاس کھلی دلیلین لیکر آئے تو اُنمین سے جو

الَّذِينَ كَفَرُوا مِنْهُمْ إِنْ هَٰذَا إِلَّا سِحْرٌ مُّبِينٌ ۝

کافر ہوگئے تھے اُنھون نے یہ کہدیا تھا کہ یہ کچھ نہین ہے مگر کھلا جادو

وَإِذْ أَوْحَيْتُ إِلَى الْحَوَارِيِّينَ أَنْ آمِنُوا بِي وَبِرَسُولِي

اور یہ کہ مین نے حواریون کو وحی کی کہ تم مجھپر اور میرے رسول پر ایمان لاؤ

قَالُوا آمَنَّا وَاشْهَدْ بِأَنَّنَا مُسْلِمُونَ ۝ إِذْ قَالَ

اُنھون نے عرض کی کہ ہم ایمان لائے اور تو اسکا گواہ رہ کہ ہم مطیع ہین (اُسوقت کو یاد کرو) کہ جب

الْحَوَارِيُّونَ يَا عِيسَى ابْنَ مَرْيَمَ هَلْ يَسْتَطِيعُ رَبُّكَ

حواریون نے کہا کہ اے عیسیٰ ابن مریم کیا تیرے خدا سے یہ ہوسکتا ہے

ہ کے سامنے رکھا گیا اور اول سے آخر تک سب نے کھایا۔ (دوسری طویل حدیث بروایت جناب عمار یاسر مائدہ کے بارے میں

اَنْ يُّنَزِّلَ عَلَيْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ ۚ قَالَ اتَّقُوا اللّٰهَ
کہ ہم پر آسمان سے ایک خوان پُر از طعام نازل کر دے (عیسیٰ نے) فرمایا کہ اگر تم مومن ہو تو

اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝ قَالُوْا نُرِيْدُ اَنْ نَّاْكُلَ مِنْهَا وَ
اللہ سے ڈرو اُنہوں نے عرض کی کہ ہم تو یہ چاہتے ہیں کہ اس میں کچھ کھائیں اور

تَطْمَئِنَّ قُلُوْبُنَا وَنَعْلَمَ اَنْ قَدْ صَدَقْتَنَا وَنَكُوْنَ
ہمارے دل مطمئن ہو جائیں اور ہم یہ جان لیں کہ آپ نے ہم سے سچ فرمایا اور اسکے گواہ

عَلَيْهَا مِنَ الشّٰهِدِيْنَ ۝ قَالَ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ
(بھی) بن جائیں عیسیٰ ابن مریم نے عرض کی کہ

اللّٰهُمَّ رَبَّنَآ اَنْزِلْ عَلَيْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ تَكُوْنُ
اے اللہ میرے پروردگار ہم پر ایک خوان پُر از طعام آسمان سے نازل فرما کہ وہ

لَنَا عِيْدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰيَةً مِّنْكَ ۚ وَارْزُقْنَا
ہمارے اول و آخر کے لئے عید قرار پائے اور تیری طرف سے ایک نشانی رہے اور ہمکو رزق عطا فرما

وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ۝ قَالَ اللّٰهُ اِنِّيْ مُنَزِّلُهَا
اور تو سب سے بہتر رزق عطا فرمانے والا ہے خدا نے فرمایا کہ میں تمپر اُسے ضرور نازل کرنیوالا ہوں

عَلَيْكُمْ ۚ فَمَنْ يَّكْفُرْ بَعْدُ مِنْكُمْ فَاِنِّيْٓ اُعَذِّبُهٗ عَذَابًا
پھر جو شخص بعد اسکے تم میں سے کفران نعمت کریگا تو اُسکو عذاب بھی ایسا دونگا کہ

لَّآ اُعَذِّبُهٗٓ اَحَدًا مِّنَ الْعٰلَمِيْنَ ۝ وَاِذْ قَالَ اللّٰهُ
عالم میں سے کسی کو ویسا عذاب نہ دونگا اور (اُسوقت کو یاد کرو) جسوقت خدا فرمائیگا

يٰعِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ ءَاَنْتَ قُلْتَ لِلنَّاسِ اتَّخِذُوْنِيْ وَ
کہ اے عیسیٰ ابن مریم کیا تم نے لوگوں سے یہ کہدیا تھا کہ اللہ کے سوا

اُمِّيَ اِلٰهَيْنِ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۭ قَالَ سُبْحٰنَكَ مَا يَكُوْنُ
مجھے اور میری ماں کو اور دو خدا بنا لو وہ عرض کرینگے تیری ذات (شرک سے) بری ہے مجھے کیا ہو گیا تھا

ربع ۱۵ ع ۷

ل مائدہ تفسیر مجمع البیان میں جناب امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے کہ جناب عیسیٰ علیہ السلام نے بنی اسرائیل سے یہ فرمایا تھا کہ تم تیس دن روزے

لِيْٓ اَنْ اَقُوْلَ مَا لَيْسَ لِيْ بِحَقٍّ اِنْ كُنْتُ قُلْتُهٗ فَقَدْ

کہ میں ایسی بات کہتا جسکا مجھے کوئی حق نہیں تھا اگر میں نے ایسا کہا ہوتا تو تو ضرور اس سے

عَلِمْتَهٗ تَعْلَمُ مَا فِيْ نَفْسِيْ وَلَآ اَعْلَمُ مَا فِيْ نَفْسِكَ

واقف ہوتا (اسلئے) کہ تو میرے دل کی بات کو جانتا ہے اور میں تیری پوشیدہ بات سے ناواقف ہوں

اِنَّكَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ ۝ مَا قُلْتُ لَهُمْ اِلَّا مَآ

بیشک تو سب سے زیادہ غیب کی بات کو جاننے والا ہے میں نے اُنسے کچھ بھی نہیں کہا سوائے اُسکے

اَمَرْتَنِيْ بِهٖٓ اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ رَبِّيْ وَرَبَّكُمْ وَكُنْتُ عَلَيْهِمْ

جسکا تو نے مجھے حکم دیا تھا کہ میرے پروردگار اور اپنے پروردگار کی عبادت کرو اور جسوقت تک میں اُنمیں رہا

شَهِيْدًا مَّا دُمْتُ فِيْهِمْ فَلَمَّا تَوَفَّيْتَنِيْ كُنْتَ اَنْتَ

میں اُنکا گواہ رہا پھر جب تو نے میری مدت (قیام) پوری کردی تو تو خود

الرَّقِيْبَ عَلَيْهِمْ وَاَنْتَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ ۝ اِنْ

اُنکا نگران تھا اور تو ہر شے پر (پوری) اطلاع رکھنے والا ہے اگر

تُعَذِّبْهُمْ فَاِنَّهُمْ عِبَادُكَ وَاِنْ تَغْفِرْ لَهُمْ فَاِنَّكَ

تو انکو عذاب دے تو یہ تیرے بندے ہیں اور اگر تو انہیں بخشدے تو بیشک

اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝ قَالَ اللّٰهُ هٰذَا يَوْمُ يَنْفَعُ

تو زبردست حکمت والا ہے خدا تعالٰے فرمائیگا یہ دن (تو وہ) ہے کہ سچوں کو اُنکا

الصّٰدِقِيْنَ صِدْقُهُمْ لَهُمْ جَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا

سچ نفع پہنچائے گا اُنکے لئے باغات ہیں جنکے نیچے ندیاں بہتی

الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ

ہیں ہمیشہ ہمیشہ وہ اُنمیں رہینگے اللہ اُنسے راضی ہوگا اور وہ اُس سے راضی ہونگے

ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝ لِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

یہی سب سے بڑی کامیابی ہے آسمانوں کا اور زمین کا اور جو کچھ اُنمیں ہے اُسکا



وَمَا فِيهِنَّ ۚ وَهُوَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ۝ ع ١٦ ٥

اختیار خداہی کو ہے اور وہ ہر شے پر (پوری) قدرت رکھنے والا ہے

سُورَةُ الْأَنْعَامِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ مِائَةٌ وَخَمْسٌ وَسِتُّونَ آيَةً

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ ۝

رحمٰن (و) رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں)

الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ وَجَعَلَ

سب تعریف اُس اللہ کے لئے ہی جسنے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا اور اندھیروں کو

الظُّلُمَاتِ وَالنُّورَ ۖ ثُمَّ الَّذِينَ كَفَرُوا بِرَبِّهِمْ يَعْدِلُونَ ۝

اور چاندنی کو مقرر فرمایا پھر بھی اپنے پروردگار کا انکار کرنیوالے اور چیزوں کو اسکی برابر ٹھہراتے ہیں



هُوَ الَّذِي خَلَقَكُمْ مِنْ طِينٍ ثُمَّ قَضَىٰ أَجَلًا ۖ وَأَجَلٌ

وہ وہی تو ہے جسنے تمکو مٹی سے پیدا کیا پھر اُسنے ایک مدت مقرر کی اور

مُسَمًّى عِنْدَهُ ۖ ثُمَّ أَنْتُمْ تَمْتَرُونَ ۝ وَهُوَ اللَّهُ فِي

مقرر کی ہوئی مدت اُسی کے علم میں ہے پھر (بھی) تم شک کرتے ہو اور وہی اللہ آسمانوں میں

السَّمَاوَاتِ وَفِي الْأَرْضِ ۖ يَعْلَمُ سِرَّكُمْ وَجَهْرَكُمْ وَ

(بھی) ہے اور زمین میں (بھی) تمھارے پوشیدہ کو (بھی) جانتا ہے اور ظاہر کو (بھی) اور

يَعْلَمُ مَا تَكْسِبُونَ ۝ وَمَا تَأْتِيهِمْ مِنْ آيَةٍ مِنْ آيَاتِ

جو کچھ تم کرتے ہو اُس سے آگاہ ہے اور خدا کی نشانیوں میں سے کوئی نشانی (بھی) اُنپر نہیں

رَبِّهِمْ إِلَّا كَانُوا عَنْهَا مُعْرِضِينَ ۝ فَقَدْ كَذَّبُوا

آتی مگر اُس سے روگردانی (ضرور) کرتے ہیں اور حق جسوقت اُنکے پاس

بِالْحَقِّ لَمَّا جَاءَهُمْ ۖ فَسَوْفَ يَأْتِيهِمْ أَنْبَاءُ مَا كَانُوا

آیا اُسے ضرور اُنہوں نے جھٹلایا پس جس چیز کی یہ ہنسی اُڑایا کرتے تھے ذرا آگے چل کر

بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝ اَلَمْ يَرَوْا كَمْ اَهْلَكْنَا مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنْ

انکو اسکی خبریں ملینگی کیا انھوں نے یہ نہیں دیکھا کہ ہمنے اُنسے پہلے زمانہ والوں میں سے

قَرْنٍ مَّكَّنّٰهُمْ فِى الْاَرْضِ مَا لَمْ نُمَكِّنْ لَّكُمْ وَاَرْسَلْنَا

کتنے گروہونکو ہلاک کیا انکو ہمنے زمین میں ایسا تمکن عطا کیا تھا کہ تمکو ویسا پایا بھی نہیں ہے اور

السَّمَآءَ عَلَيْهِمْ مِّدْرَارًا ۪ وَّجَعَلْنَا الْاَنْهٰرَ تَجْرِيْ

آسمان سے اُنپر موسلا دھار مینہ برسایا کرتے تھے اور نیچے اُنکے ندیاں جاری

مِنْ تَحْتِهِمْ فَاَهْلَكْنٰهُمْ بِذُنُوْبِهِمْ وَاَنْشَاْنَا مِنْ

کیا کرتے تھے پھر اُنکے گناہوں کے سبب انکو ہلاک کردیا اور اُنکے بعد دوسرے

بَعْدِهِمْ قَرْنًا اٰخَرِيْنَ ۝ وَلَوْ نَزَّلْنَا عَلَيْكَ كِتٰبًا فِيْ

زمانہ والے پیدا کردئے اور (اے رسول) اگر ہم تمپر کاغذ میں لکھی ہوئی کتاب

قِرْطَاسٍ فَلَمَسُوْهُ بِاَيْدِيْهِمْ لَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا

(بھی) نازل کردیتے جسکو وہ اپنے ہاتھوں سے چھو لیتے تب بھی جو کافر ہوگئے ہیں وہ یہی کہتے کہ

اِنْ هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ۝ وَقَالُوْا لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ

یہ کچھ نہیں ہے مگر کھلا جادو اور انھوں نے کہا کہ اس (نبی) پر کوئی فرشتہ کیوں نہیں نازل

مَلَكٌ ۭ وَلَوْ اَنْزَلْنَا مَلَكًا لَّقُضِيَ الْاَمْرُ ثُمَّ لَا يُنْظَرُوْنَ ۝

کیا گیا اور اگر ہم کوئی فرشتہ نازل کرتے تو ضرور معاملہ ہی طے کردیا جاتا پھر انکو کوئی مہلت دی جاتی

وَلَوْ جَعَلْنٰهُ مَلَكًا لَّجَعَلْنٰهُ رَجُلًا وَّلَلَبَسْنَا عَلَيْهِمْ

اور اگر ہم رسول کو فرشتہ بناتے تو اسکو مرد ہی بناتے اور ہم اُسکو بھی ضرور ایسا ہی لباس پہناتے

مَّا يَلْبِسُوْنَ ۝ وَلَقَدِ اسْتُهْزِئَ بِرُسُلٍ مِّنْ قَبْلِكَ

جیسا کہ یہ لوگ پہنتے ہیں اور یقیناً تم سے پہلے رسولوں کی بھی ہنسی اُڑائی گئی

فَحَاقَ بِالَّذِيْنَ سَخِرُوْا مِنْهُمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ

پھر جس عذاب کی وہ ہنسی اُڑایا کرتے تھے اسی نے اُن پیمبروں کی ہنسی اُڑانیوالوں کو

يستهزءون ○ قل سيروا في الارض ثم انظروا كيف

تم کہدو کہ تم زمین مین چلو پھرو اور پھر (غور سے) دیکھو کہ

كان عاقبة المكذبين ○ قل لمن ما في السموت

جھٹلانیوالون کا انجام کیا ہوا کہدو کہ جو کچھ آسمانون میں اور زمین مین ہے

والارض قل لله كتب على نفسه الرحمة ليجمعنكم

کسکا ہے کہدو کہ وہ اللہ ہی کا ہے جسنے اپنی ذات پر رحمت کو واجب کرلیا ہے وہ قیامت کے

الى يوم القيمة لا ريب فيه الذين خسروا انفسهم

دن جس مین کوئی شک نہین ہے تم سب کو ضرور اکٹھا جمع کریگا جن لوگون نے اپنی ذات کو نقصان پہنچایا

فهم لا يؤمنون ○ وله ما سكن في اليل والنهار

وہ ایمان نہ لائین گے اور رات اور دن مین جو چیزین آرام لیتی ہین اسی کی ہین

وهو السميع العليم ○ قل اغير الله اتخذ وليا

اور وہ بڑا سننے والا اور جاننے والا ہے کہدو کہ کیا مین خدا کے سوا جو آسمانون کا اور

فاطر السموت والارض وهو يطعم ولا يطعم

زمین کا پیدا کرنے والا ہے کسی اور کو حامی بنالون حالانکہ وہ (سب کو) کھلاتا ہے اور اسکو کچھ

قل اني امرت ان اكون اول من اسلم ولا

نہین کھلایا جاتا تم کہدو کہ مجھکو حکم دیا گیا ہے کہ سب سے پہلے مین اسلام لانیوالا بنون اور تم

تكونن من المشركين ○ قل اني اخاف ان عصيت

ہرگز مشرکین مین سے نہونا کہدو کہ اگر مین اپنے پروردگار کی نافرمانی کرون تو مین

ربي عذاب يوم عظيم ○ من يصرف عنه يومئذ

بڑے دن کے عذاب سے ڈرتا ہون جس سے اسدن (عذاب) ٹلجائے اسپر رحمت خدا

فقد رحمه وذلك الفوز المبين ○ وان

یقینی ہوئی اور یہی کھلی کامیابی ہے اور اگر

وَإِن يَمْسَسْكَ اللَّهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهُ إِلَّا هُوَ ۖ وَإِن

اور اگر اللہ تمکو کوئی تکلیف پہنچائے تو اُسکے سوا کوئی اُسکا دفع کرنیوالا نہین ہے

يَمْسَسْكَ بِخَيْرٍ فَهُوَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ○ وَهُوَ الْقَاهِرُ

اور وہ تمکو کوئی خیر وخوبی پہنچائے تو وہ ہر چیز پر قدرت رکھنے والا ہے اور وہ اپنے بندون

فَوْقَ عِبَادِهِ ۚ وَهُوَ الْحَكِيمُ الْخَبِيرُ ○ قُلْ أَيُّ شَيْءٍ

پر غالب اور وہ صاحب حکمت و خبر ہے تم کہدو کہ گواہی دینے کے لئے

أَكْبَرُ شَهَادَةً ۖ قُلِ اللَّهُ ۖ شَهِيدٌ بَيْنِي وَبَيْنَكُمْ ۚ وَأُوحِيَ

سب سے بڑی چیز کون ہے تم کہدو کہ میرے اور تمہارے مابین اللہ گواہ ہے اور یہ قرآن بذریعہ

إِلَيَّ هَٰذَا الْقُرْآنُ لِأُنذِرَكُم بِهِ وَمَن بَلَغَ ۚ أَئِنَّكُمْ

وحی کے میرے پاس اسلئے بھیجا گیا ہے کہ اسکے ذریعہ سے مین تمکو بھی ڈراؤن اور اُسکو بھی

لَتَشْهَدُونَ أَنَّ مَعَ اللَّهِ آلِهَةً أُخْرَىٰ ۚ قُل لَّا أَشْهَدُ

جس تک یہ پہنچے کیا تم گواہی دیتے ہو کہ اللہ کے ساتھ اور بھی معبود ہین ؟

قُلْ إِنَّمَا هُوَ إِلَٰهٌ وَاحِدٌ وَإِنَّنِي بَرِيءٌ مِّمَّا تُشْرِكُونَ ○

تم کہدو کہ مین تو یہ گواہی دیتا نہین تم کہدو کہ وہ معبود واحد ہے اور جن چیزونکو تم اُسکا شریک بتاتے ہو مین اُنسے بری ہون

الَّذِينَ آتَيْنَاهُمُ الْكِتَابَ يَعْرِفُونَهُ كَمَا يَعْرِفُونَ

جن لوگون کو ہمنے کتاب دی وہ اسکو ایسا ہی پہچانتے ہین جیسا

أَبْنَاءَهُمُ ۘ الَّذِينَ خَسِرُوا أَنفُسَهُمْ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ ○ ع

اپنے بیٹون کو جن لوگون نے اپنی ذات کو نقصان پہنچایا ہے وہ ایمان نہ لائینگے

وَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرَىٰ عَلَى اللَّهِ كَذِبًا أَوْ كَذَّبَ

اور اُس سے زیادہ ظالم کون ہوگا جنہون نے اللہ پر جھوٹا بہتان باندھا یا اُسکی نشانیونکو

بِآيَاتِهِ ۗ إِنَّهُ لَا يُفْلِحُ الظَّالِمُونَ ○ وَيَوْمَ نَحْشُرُهُمْ

جھٹلایا بیشک ظالم فلاح نہ پائینگے اور اُس دن ہم اُن سب کو

جَمِيعًا ثُمَّ نَقُولُ لِلَّذِينَ أَشْرَكُوا أَيْنَ شُرَكَاؤُكُمُ

جمع کرینگے پھر ہم شریک کرنیوالون سے کہین گے کہ تمھارے وہ شرکار جنکو تم

الَّذِينَ كُنتُمْ تَزْعُمُونَ ○ ثُمَّ لَمْ تَكُن فِتْنَتُهُمْ إِلَّا أَن

خدا کا شریک گمان کیا کرتے تھے کہان ہین پھر اُنکا کوئی حیلہ نہوگا سواے اسکے کہ یہ کہین کہ

قَالُوا وَاللَّهِ رَبِّنَا مَا كُنَّا مُشْرِكِينَ ○ انظُرْ كَيْفَ

ہمکو اپنے پروردگار اللہ کی قسم ہم مشرک نہ تھے غور تو کرو کہ یہ اپنے ہی برخلاف

كَذَبُوا عَلَىٰ أَنفُسِهِمْ وَضَلَّ عَنْهُم مَّا كَانُوا يَفْتَرُونَ ○

کیسا جھوٹ بولنے لگے اور جو افترا پردازیان کیا کرتے تھے وہ اُنسے کیسی گئی گزری ہوگئین

وَمِنْهُم مَّن يَسْتَمِعُ إِلَيْكَ وَجَعَلْنَا عَلَىٰ قُلُوبِهِمْ

اور اُنمین سے بعض ایسے (بھی) ہین جو تمھاری طرف کان لگائے رہتے ہین حالانکہ ہمنے اُنکے دلون پر

أَكِنَّةً أَن يَفْقَهُوهُ وَفِي آذَانِهِمْ وَقْرًا وَإِن

پردے ڈالدئے ہین کہ وہ اُسے نہ سمجھین اور اُنکے کانون مین گرانی (قرار دیدی) ہے اور اگر وہ

يَرَوْا كُلَّ آيَةٍ لَّا يُؤْمِنُوا بِهَا حَتَّىٰ إِذَا جَاءُوكَ

ہر ایک معجزہ دیکھ لین گے تب بھی اُسپر ایمان نہ لائین گے یہانتک کہ جب وہ تمھارے پاس آئینگے

يُجَادِلُونَكَ يَقُولُ الَّذِينَ كَفَرُوا إِنْ هَٰذَا إِلَّا

تمسے جھگڑنے لگین گے اور جو کافر ہو چکے ہین وہ یہی کہین گے کہ یہ کچھ نہین ہین مگر

أَسَاطِيرُ الْأَوَّلِينَ ○ وَهُمْ يَنْهَوْنَ عَنْهُ وَيَنْأَوْنَ

پہلون کی کہانیان وہ اُس سے لوگون کو (بھی) روکتے ہین اور خود (بھی) دور

عَنْهُ وَإِن يُهْلِكُونَ إِلَّا أَنفُسَهُمْ وَمَا يَشْعُرُونَ ○

رہتے ہین حالانکہ وہ اپنی ہی جانون کو ہلاک کرتے ہین اور سمجھتے نہین

وَلَوْ تَرَىٰ إِذْ وُقِفُوا عَلَى النَّارِ فَقَالُوا يَا لَيْتَنَا نُرَدُّ

اور اگر تم اُسوقت کو دیکھو گے جب وہ جہنم پر کھڑے کئے جائینگے تو یہ کہینگے کہ کاش ہم [illegible]

وَلَا نُكَذِّبَ بِاٰيٰتِ رَبِّنَا وَنَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ○

اور ہم اپنے رب کی نشانیاں نہ جھٹلاتے اور ہم ایمان لانے والوں میں سے ہو جاتے

بَلْ بَدَا لَهُمْ مَّا كَانُوْا يُخْفُوْنَ مِنْ قَبْلُ ۭ وَلَوْ رُدُّوْا لَعَادُوْا

بلکہ اب جو کچھ وہ پہلے چھپایا کرتے تھے وہ اُنپر ظاہر ہو گیا ہے اور اگر وہ واپس بھی کئے جاتے

لِمَا نُهُوْا عَنْهُ وَاِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ○ وَقَالُوْٓا اِنْ هِيَ اِلَّا

تو جس چیز سے اُنکو باز رکھا گیا تھا وہ اُسی کو پھر کرتے اور وہ یقیناً جھوٹے ہیں۔ اور وہ کہتے ہیں کہ جو کچھ ہے

حَيَاتُنَا الدُّنْيَا وَمَا نَحْنُ بِمَبْعُوْثِيْنَ ○ وَلَوْ تَرٰٓى اِذْ

دنیا ہی کی زندگانی ہے اور ہم مبعوث نہ کئے جائیں گے اے کاش کہ آپ اُنکو اُسوقت

وُقِفُوْا عَلٰي رَبِّهِمْ ۭ قَالَ اَلَيْسَ هٰذَا بِالْحَقِّ ۭ قَالُوْا بَلٰى

دیکھتے جبکہ وہ اپنے پروردگار کے سامنے کھڑے کئے جائینگے (اور) وہ دریافت کریگا کہ کیا یہ حق نہیں ہے تو وہ کہینگے ہاں

وَرَبِّنَا ۭ قَالَ فَذُوْقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ○ ع ١٠ ٣

ہمارے پروردگار کی قسم حق ہے پھر فرمائیگا کہ بدلہ اسکے کہ تم اسکا انکار کیا کرتے تھے اب عذاب چکھو

قَدْ خَسِرَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِلِقَاۗءِ اللّٰهِ ۭ حَتّٰٓي اِذَا جَاۗءَتْهُمُ

یقیناً وہ ٹوٹے میں ہیں جو خدا کی حضور میں جانے کو جھٹلاتے ہیں یہانتک کہ جب قیامت

السَّاعَةُ بَغْتَةً قَالُوْا يٰحَسْرَتَنَا عَلٰي مَا فَرَّطْنَا فِيْهَا

اُنکو یکایک آلیگی اُسوقت کہینگے افسوس ہمنے کیسی کمی کی

وَهُمْ يَحْمِلُوْنَ اَوْزَارَهُمْ عَلٰي ظُهُوْرِهِمْ ۭ اَلَا سَاۗءَ

اور وہ اُسوقت اپنی وبال اپنی ہی پیٹھوں پر اٹھائے ہونگے خبردار ہو جاؤ کتنا برا ہے وہ جو وہ

مَا يَزِرُوْنَ ○ وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ اِلَّا لَعِبٌ وَّلَهْوٌ ۭ

لادے ہوئے ہونگے اور یہ دنیا کی زندگانی سوائے کھیل کود کے کچھ (بھی) نہیں

وَلَلدَّارُ الْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ يَتَّقُوْنَ ۭ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ○

اور جو لوگ پرہیزگار ہیں آخرت کا گھر اُنکے لئے بہت ہی اچھا ہے کیا تم اتنا نہیں سمجھتے

ابن نوفل ابن عبد مناف داخل اسلام ہوجائے اسی لئے اُسکو دعوت دی اور بہت کوشش کی کہ وہ اسلام لائے مگر اُسپر شقاوت غالب ہوگئی اُسنے کوئی بات نہ مانی اور آنحضرت پر یہ امر

قد نعلم انه ليحزنك الذي يقولون فانهم

ہم جانتے ہین کہ جو کچھ وہ کہتے ہین اُس سے تمکو رنج پہنچتا ہے مگر وہ حقیقت مین تمکو

لا يكذبونك ولكن الظلمين بايت الله يجحدون ○

نہین جھٹلاتے بلکہ یہ ظالم اللہ کی نشانیون کا انکار کرتے ہین

ولقد كذبت رسل من قبلك فصبروا على ما

اور تم سے پہلے بہت سے رسولون کی تکذیب کی گئی ہے پھر اُنہون نے اپنے جھٹلائے جانے پر

كذبوا واوذوا حتى اتىهم نصرنا ولا مبدل

اور تکلیف دیے جانے پر صبر کیا جبتک کہ اُنکے پاس ہماری مدد نہ آئی اور اللہ کے کلمون کو

لكلمت الله ولقد جاءك من نباى المرسلين ○

کوئی بدلنے والا نہین ہے اور تمہارے پاس (ابھی) بہت سے پیغمبرون کی خبر آ چکی ہے

وان كان كبر عليك اعراضهم فان استطعت ان

اور اگر انکا روگردان ہونا تمکو ایسا ہی ناگوار ہے تو اگر تم سے ہوسکتا ہے تو زمین مین

تبتغي نفقا في الارض او سلما في السماء فتاتيهم

کوئی سوراخ تلاش کرو یا آسمان پر کوئی سیڑھی (لگاکر چڑھ جاؤ) کر اُنکو کوئی نشانی

باية ولو شاء الله لجمعهم على الهدى فلا تكونن

لادو اور اللہ چاہتا تو اُنکو ہدایت پر (جبرًا) آمادہ کرتا پس تم جاہلون مین

من الجهلين ○ انما يستجيب الذين يسمعون

ہرگز نہونا سوائے اسکے نہین ہے کہ وہی لوگ قبول کرلیتے ہین جو (توجہ سے) سنتے ہین

والموتى يبعثهم الله ثم اليه يرجعون ○ وقالوا

اور مُردون کو خدائے تعالےٰ مبعوث کریگا پھر وہ اُسکے حضور مین لوٹائے جاینگے اور اُنہون نے یہ کہا

لولا نزل عليه اية من ربه قل ان الله قادر

کہ اُسکے پروردگار کی طرف سے کوئی نشانی کیون نہ نازل کی گئی تم کہدو کہ اللہ تو اس امر پر بیشک قادر ہے

نصف

وقف غفران

عَلٰۤى اَنْ يُّنَزِّلَ اٰيَةً وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝

کہ کوئی نشانی نازل کرے ولیکن اُن میں سے اکثر سمجھتے نہیں

وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِى الْاَرْضِ وَلَا طٰٓئِرٍ يَّطِيْرُ بِجَنَاحَيْهِ

اور کوئی زمین پر رینگنے والا اور کوئی پرندہ جو اپنے دونوں بازوؤں سے اُڑتا ہے

اِلَّاۤ اُمَمٌ اَمْثَالُكُمْ ؕ مَا فَرَّطْنَا فِى الْكِتٰبِ مِنْ شَىْءٍ ثُمَّ

ایسا نہیں ہے مگر یہ کہ وہ بھی تم ہی جیسے گروہ ہیں ہمنے کتاب میں کسی طرح کی کمی نہیں کی ہے پھر وہ

اِلٰى رَبِّهِمْ يُحْشَرُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا صُمٌّ

سب اپنے پروردگار کی حضور میں جمع کئے جائینگے اور جو لوگ ہماری نشانیوں کو جھٹلاتے ہیں وہ بہرے

وَّبُكْمٌ فِى الظُّلُمٰتِ ؕ مَنْ يَّشَاِ اللّٰهُ يُضْلِلْهُ ؕ وَمَنْ يَّشَاْ

اور گونگے اندھیریوں میں ہیں اللہ جسے چاہیگا اُس سے توفیق ہدایت چھین لیگا اور جسے چاہیگا

يَجْعَلْهُ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝ قُلْ اَرَءَيْتَكُمْ اِنْ

سیدھے راستہ پر ڈالدے گا تم کہدو کہ آیا تمنے اپنے آپ کو اتنا سمجھ لیا کہ

اَتٰٮكُمْ عَذَابُ اللّٰهِ اَوْ اَتَتْكُمُ السَّاعَةُ اَغَيْرَ اللّٰهِ

اگر عذاب خدا تمکو آلے یا قیامت نمبر آجائے تو اگر تم سچے ہو تو اللہ کے سوا کسی

تَدْعُوْنَ ۚ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝ بَلْ اِيَّاهُ تَدْعُوْنَ

اور کو پکار لوگے؟ بلکہ اُسی کو تم پکاروگے

فَيَكْشِفُ مَا تَدْعُوْنَ اِلَيْهِ اِنْ شَآءَ وَتَنْسَوْنَ مَا

پھر اگر وہ چاہیگا تو جس بات کےلئے تم اُسے پکاروگے اُسے دور کردیگا اور جنکو تم شریک کیا کرتے ہو

ع تُشْرِكُوْنَ ۝ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَاۤ اِلٰۤى اُمَمٍ مِّنْ قَبْلِكَ

اُن سبکو بھول جاؤگے اور ہمنے تجھ سے پہلی اُمتوں کی طرف رسول بھیجے

فَاَخَذْنٰهُمْ بِالْبَاْسَآءِ وَالضَّرَّآءِ لَعَلَّهُمْ يَتَضَرَّعُوْنَ ۝

پھر ہمنے اُنکو سخت نقصان اور مصیبت میں گرفتار کیا تاکہ وہ عاجزی وزاری کریں

فَلَوْلَآ اِذْ جَآءَهُمْ بَاْسُنَا تَضَرَّعُوْا وَلٰكِنْ قَسَتْ قُلُوْبُهُمْ

پس جسوقت ہمارا عذاب اُنپر پہنچا تھا کیون نہ اُنہوں نے گریہ کیا لیکن اُنکے دل سخت ہو گئے تھے

وَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝ فَلَمَّا نَسُوْا

اور جو عمل وہ کیا کرتے تھے شیطان نے اُنہیں کو زینت دیدی تھی پھر جب اُس نصیحت کو بھول گئے

مَا ذُكِّرُوْا بِهٖ فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ اَبْوَابَ كُلِّ شَيْءٍ حَتّٰٓى اِذَا

جو اُنکو کی گئی تھی تو ہم نے بھی اُنپر ہر چیز کے دروازے کھول دیئے یہان تک کہ جب

فَرِحُوْا بِمَآ اُوْتُوْٓا اَخَذْنٰهُمْ بَغْتَةً فَاِذَا هُمْ مُّبْلِسُوْنَ ۝

وہ اُن چیزون سے خوش ہوے جو اُنکو دی گئی تھیں تو ہمنے اُنکو یکایک گرفتار کیا کہ وہ مایوس ہو کر رہ گئے

فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ۭ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ

پس ظالم لوگون کی نسل قطع کردی گئی اور سب تعریف اللہ کے لئے ہے جو تمام عالم

الْعٰلَمِيْنَ ۝ قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ اَخَذَ اللّٰهُ سَمْعَكُمْ وَ

کا پالنے والا ہے کہدو کیا تم یہ سمجھتے ہو کہ اگر خدا تمھاری سماعت اور

اَبْصَارَكُمْ وَخَتَمَ عَلٰي قُلُوْبِكُمْ مَّنْ اِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ يَاْتِيْكُمْ

بصارت لے لے اور تمہارے دلون پر مہر کردے تو اللہ کے سوا کونسا معبود ہے جو تمکو یہ چیزین

بِهٖ ۭ اُنْظُرْ كَيْفَ نُصَرِّفُ الْاٰيٰتِ ثُمَّ هُمْ يَصْدِفُوْنَ ۝ قُلْ

دیدیگا غور تو کرو کہ ہم کس طرح نشانیان الٹ پلٹ کر (دکھلا) تے ہین پھر (بھی) وہ روگردان ہو جاتے ہیں

اَرَءَيْتَكُمْ اِنْ اَتٰىكُمْ عَذَابُ اللّٰهِ بَغْتَةً اَوْ جَهْرَةً هَلْ

تم کہدو کیا تم اپنے آپ کو اتنا سمجھتے ہو کہ اگر خدا کا عذاب تمپر اچانک یا کھلم کھلا آجائے تو کیا سوا ظالم لوگون کے

يُهْلَكُ اِلَّا الْقَوْمُ الظّٰلِمُوْنَ ۝ وَمَا نُرْسِلُ الْمُرْسَلِيْنَ

کوئی اور بھی ہلاک کیا جائیگا اور ہم رسولونکو نہیں بھیجتے ہیں

اِلَّا مُبَشِّرِيْنَ وَمُنْذِرِيْنَ ۚ فَمَنْ اٰمَنَ وَاَصْلَحَ فَلَا

مگر خوشخبری دینے والے اور ڈرانیوالے (مقرر کرکے) پھر جو ایمان لائینگے اور نیکوکار ہونگے اُنپر

خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ○ وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا

نہ کسی قسم کا خوف (طاری) ہوگا اور نہ وہ رنجیدہ ہونگے اور جنہوں نے ہماری آیتوں کو

بِاٰيٰتِنَا يَمَسُّهُمُ الْعَذَابُ بِمَا كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ ○ قُلْ

جھٹلایا تو بوجہ اسکے کہ وہ نافرمانی کیا کرتے تھے عذاب انکو پہنچ جائیگا تم کہدو کہ

لَّآ اَقُوْلُ لَكُمْ عِنْدِيْ خَزَآئِنُ اللّٰهِ وَلَآ اَعْلَمُ الْغَيْبَ

مین تم سے یہ تو نہین کہتا کہ میرے پاس خدا کے خزانے ہین اور نہ یہ کہ مین غیب دان ہون

وَلَآ اَقُوْلُ لَكُمْ اِنِّيْ مَلَكٌ ۚ اِنْ اَتَّبِعُ اِلَّا مَا يُوْحٰٓى اِلَيَّ ۚ

اور نہ یہ کہتا ہون کہ مین فرشتہ ہون مین تو صرف اُسکی پیروی کرتا ہون جو میری طرف وحی کیجاتی ہے

قُلْ هَلْ يَسْتَوِي الْاَعْمٰى وَالْبَصِيْرُ ۭ اَفَلَا تَتَفَكَّرُوْنَ ○ ع ٥

تم کہدو کہ کیا اندھا اور آنکھون والا برابر ہے کیا تم اتنا بھی نہین سوچتے

وَاَنْذِرْ بِهِ الَّذِيْنَ يَخَافُوْنَ اَنْ يُّحْشَرُوْٓا اِلٰى رَبِّهِمْ

اور جو لوگ خوف کرتے ہین انکو اس بات سے ڈراؤ کہ وہ اپنے رب کی حضور مین جمع کیے جائینگے

لَيْسَ لَهُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ وَلِيٌّ وَّلَا شَفِيْعٌ لَّعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ

کہ وہان اُنکے لیے اُسکے سوا نہ کوئی حمایتی ہوگا اور نہ سفارشی تاکہ وہ ڈرین

وَلَا تَطْرُدِ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَدٰوةِ وَالْعَشِيِّ

اور جو صبح و شام اپنے پروردگار کو پکارتے ہین اور اُسکی رضا کے طالب ہین

يُرِيْدُوْنَ وَجْهَهٗ ۭ مَا عَلَيْكَ مِنْ حِسَابِهِمْ مِّنْ شَيْءٍ

اُنکو نہ نکالو نہ تمہارے ذمہ کچھ اُنکا محاسبہ ہے

وَّمَا مِنْ حِسَابِكَ عَلَيْهِمْ مِّنْ شَيْءٍ فَتَطْرُدَهُمْ فَتَكُوْنَ

اور نہ اُنکے ذمہ کچھ تمہارا محاسبہ کہ تم انکو نکالتے پھرو اور

مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ○ وَكَذٰلِكَ فَتَنَّا بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ لِّيَقُوْلُوْٓا

ظالمون مین سے ہوجاؤ اور اسی طرح ہمنے بعض کا امتحان بعض کے ذریعہ سے کیا ہے تاکہ وہ یہ کہین کہ

اَهٰٓؤُلَاۤءِ مَنَّ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنْۢ بَيْنِنَا ؕ اَلَيْسَ اللّٰهُ بِاَعْلَمَ

کیا یہ وہی لوگ ہم مین کے ہین جنپر اللہ نے احسان کیا ہے کیا اللہ شکر گزارون (تمھاری نسبت)

بِالشّٰكِرِيْنَ ○ وَاِذَا جَآءَكَ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِاٰيٰتِنَا فَقُلْ

زیادہ باخبر نہین ہے اور (اے رسول) جسوقت تمھارے پاس وہ آئین جو ہماری آیتون پر ایمان رکھتے ہین تو تم

سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ كَتَبَ رَبُّكُمْ عَلٰى نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ ۙ اَنَّهٗ مَنْ عَمِلَ

اُنسے کہدو کہ تمپر سلامتی ہو تمھارے رب نے اپنی ذات پر رحمت واجب فرمائی ہے کہ تم مین سے جو شخص از روے

مِنْكُمْ سُوْٓءًۢا بِجَهَالَةٍ ثُمَّ تَابَ مِنْۢ بَعْدِهٖ وَاَصْلَحَ فَاَنَّهٗ غَفُوْرٌ

جہالت کوئی بدی کریگا پھر اسکے بعد وہ توبہ کرلیگا اور خرابی کی اصلاح کرلیگا تو خدا تعالےٰ بڑا بخشنے والا

رَّحِيْمٌ ○ وَكَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ وَلِتَسْتَبِيْنَ سَبِيْلُ

(اور) رحم کرنیوالا ہے اور اسی طرح ہم آیات کی تفصیل کرتے ہین تاکہ قصوروارون کا راستہ صاف معلوم

ع ٥ ١٢ الْمُجْرِمِيْنَ ○ قُلْ اِنِّيْ نُهِيْتُ اَنْ اَعْبُدَ الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ

ہو جائے کہدو کہ مجھے تو اسکی ممانعت کی گئی ہے کہ مین اُنکی عبادت کرون جنکو

دُوْنِ اللّٰهِ ؕ قُلْ لَّآ اَتَّبِعُ اَهْوَآءَكُمْ ۙ قَدْ ضَلَلْتُ اِذًا وَّمَآ اَنَا

تم خدا کے سوا پکارتے ہو کہدو کہ مین تمھاری خواہشونکی پیروی نکرونگا اس صورت مین مین بھی راہ سے بھٹک

مِنَ الْمُهْتَدِيْنَ ○ قُلْ اِنِّيْ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّيْ وَكَذَّبْتُمْ بِهٖ ؕ

جاؤنگا اور ہدایت یافتہ نہ رہونگا کہدو کہ مین اپنے رب کیطرف سے کھلی دلیل پر ہون اور تم اُسکو جھٹلاتے ہو

مَا عِنْدِيْ مَا تَسْتَعْجِلُوْنَ بِهٖ ؕ اِنِ الْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰهِ ؕ يَقُصُّ الْحَقَّ

جسکی تم جلدی کرتے ہو وہ میرے پاس نہین ہے اختیار فقط خدا ہی کو ہے وہ حق کو بیان کرتا ہے

وَهُوَ خَيْرُ الْفٰصِلِيْنَ ○ قُلْ لَّوْ اَنَّ عِنْدِيْ مَا تَسْتَعْجِلُوْنَ

اور وہی سب سے بہتر فیصلہ کرنیوالا ہے کہدو کہ اگر وہ میرے پاس ہوتا جسکی تم جلدی کرتے ہو تو

بِهٖ لَقُضِيَ الْاَمْرُ بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ ؕ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِالظّٰلِمِيْنَ ○ وَ

میرے تمھارے مابین معاملہ طے ہو چکا ہوتا اور اللہ ظالمون کے حال سے خوب واقف ہے اور

عِندَهُ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَا إِلَّا هُوَ وَيَعْلَمُ مَا فِي الْبَرِّ

غیب کے خزانے اسی کے پاس ہیں اسکے سوا ان خزانوں کو کوئی نہیں جانتا اور وہ خشکی اور تری کی

وَالْبَحْرِ وَمَا تَسْقُطُ مِن وَرَقَةٍ إِلَّا يَعْلَمُهَا وَلَا حَبَّةٍ فِي ظُلُمَاتِ

سب چیزوں کو جانتا ہے اور ایک پتا بھی ایسا نہیں گرتا جسے وہ نہ جانتا ہو اور کوئی دانہ زمین کی اندھیریوں میں

الْأَرْضِ وَلَا رَطْبٍ وَلَا يَابِسٍ إِلَّا فِي كِتَابٍ مُّبِينٍ ○ وَهُوَ

اور کوئی تر اور خشک ایسا نہیں ہے جسکا ذکر کھلی کتاب میں نہ ہو اور وہ خدا

الَّذِي يَتَوَفَّاكُم بِاللَّيْلِ وَيَعْلَمُ مَا جَرَحْتُم بِالنَّهَارِ ثُمَّ يَبْعَثُكُمْ

وہی ہے جو رات کو تمھاری روح قبض کر لیتا ہے اور دن میں جو کارروائی تم کر چکے ہو اسکو بھی وہ جانتا ہے پھر

فِيهِ لِيُقْضَىٰ أَجَلٌ مُّسَمًّى ثُمَّ إِلَيْهِ مَرْجِعُكُمْ ثُمَّ يُنَبِّئُكُم

پھر تمکو اسی میں اٹھا دیتا ہے کہ مقرر کیا ہوا وقت پورا ہو پھر تمھاری بازگشت اسی کے حضور میں ہوگی

بِمَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ ○ وَهُوَ الْقَاهِرُ فَوْقَ عِبَادِهِ وَيُرْسِلُ ع ٥ ١٣

پھر جو کچھ تم کیا کرتے تھے تمکو اس سے آگاہ کر دیگا۔ اور وہ اپنے بندوں پر غالب ہے اور تم پر حفاظت کرنیوالے بھیجتا ہے

عَلَيْكُمْ حَفَظَةً حَتَّىٰ إِذَا جَاءَ أَحَدَكُمُ الْمَوْتُ تَوَفَّتْهُ

یہاں تک کہ جب تم میں سے کسی کی موت آتی ہے تو ہمارے بھیجے ہوئے اسکا

رُسُلُنَا وَهُمْ لَا يُفَرِّطُونَ ○ ثُمَّ رُدُّوا إِلَى اللَّهِ مَوْلَاهُمُ

خاتمہ کر دیتے ہیں اور وہ کسی طرح کوتاہی نہیں کرتے پھر وہ اللہ اپنے برحق مالک کی طرف پھیر جائینگے

الْحَقِّ أَلَا لَهُ الْحُكْمُ وَهُوَ أَسْرَعُ الْحَاسِبِينَ ○ قُلْ مَنْ

خبردار ہو اختیار اسی کا ہے اور وہ سب سے تیز حساب لینے والا ہے تم کہدو کہ

يُنَجِّيكُم مِّن ظُلُمَاتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ تَدْعُونَهُ تَضَرُّعًا وَخُفْيَةً

خشکی اور تری کی اندھیریوں سے تمکو نجات کون دیتا ہے جس سے تم گڑگڑا کے اور چپکے چپکے دعا مانگتے ہو

لَّئِنْ أَنجَانَا مِنْ هَٰذِهِ لَنَكُونَنَّ مِنَ الشَّاكِرِينَ ○ قُلِ اللَّهُ

کہ اگر اسنے اس سے ہمکو بچا لیا تو ہم ضرور شکر گزار بن جائینگے کہدو کہ اللہ

يُنَجِّيكُم مِّنْهَا وَمِن كُلِّ كَرْبٍ ثُمَّ أَنتُمْ تُشْرِكُونَ ۝ قُلْ هُوَ
تمکو اُن (اندھیریون) سے اور ہر رنج سے نجات دیتا ہی پھر تم (اُسکا) شریک کہتے ہو کہدو کہ وہ

الْقَادِرُ عَلَىٰ أَن يَبْعَثَ عَلَيْكُمْ عَذَابًا مِّن فَوْقِكُمْ أَوْ مِن
اسپر قادر ہی کہ تمپر عذاب اوپر کی طرف سے بھیجے یا تمھارے پاؤن کے نیچے سے یا تمھارے

تَحْتِ أَرْجُلِكُمْ أَوْ يَلْبِسَكُمْ شِيَعًا وَيُذِيقَ بَعْضَكُم بَأْسَ
ایک گروہ کو دوسرے سے بھڑادے اور تم مین سے ایک کی سختی کا مزہ دوسرے کو چکھائے

بَعْضٍ انظُرْ كَيْفَ نُصَرِّفُ الْآيَاتِ لَعَلَّهُمْ يَفْقَهُونَ ۝
غور کرو کہ ہم آیات کو کس طرح اُلٹ پلٹ کرتے ہین تاکہ وہ سمجھ لین

وَكَذَّبَ بِهِ قَوْمُكَ وَهُوَ الْحَقُّ قُل لَّسْتُ عَلَيْكُم
اور تمھاری قوم نے اُسکو جھٹلایا حالانکہ وہ حق ہے تم کہدو کہ مین تمھارا نگران نہین

بِوَكِيلٍ ۝ لِّكُلِّ نَبَإٍ مُّسْتَقَرٌّ وَسَوْفَ تَعْلَمُونَ ۝ وَإِذَا
ہون ہر چیز کا ایک وقت معین ہے اور آگے چل کر تم بھی معلوم کرلوگے اور جسوقت تم

رَأَيْتَ الَّذِينَ يَخُوضُونَ فِي آيَاتِنَا فَأَعْرِضْ عَنْهُمْ حَتَّىٰ
اُن لوگون کو دیکھو جو ہماری آیتون مین (بنظر استہزا و تکذیب) غور و خوض کرتے ہین تو تم اُنسے

يَخُوضُوا فِي حَدِيثٍ غَيْرِهِ وَإِمَّا يُنسِيَنَّكَ الشَّيْطَانُ
اعراض کرجاؤ جبتک کہ وہ دوسری بات مین غور نہ کرنے لگین اور اگر شیطان تمکو بھلادے

فَلَا تَقْعُدْ بَعْدَ الذِّكْرَىٰ مَعَ الْقَوْمِ الظَّالِمِينَ ۝ وَمَا
تو یاد آجانیکے بعد ظالم لوگون کے پاس نہ بیٹھو اور جو لوگ

عَلَى الَّذِينَ يَتَّقُونَ مِنْ حِسَابِهِم مِّن شَيْءٍ وَلَٰكِن ذِكْرَىٰ
متقی ہین اُنکے ذمہ ظالمون کے حساب کا کوئی جزو نہو گا لیکن اتنا کہ یاد دلاتے

لَعَلَّهُمْ يَتَّقُونَ ۝ وَذَرِ الَّذِينَ اتَّخَذُوا دِينَهُمْ لَعِبًا وَ
رہین تاکہ وہ باز رہین اور اُن لوگون کو جنھون نے اپنے دین کو کھیل تماشا بنا رکھا ہی اور

لَهْوًا وَّغَرَّتْهُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا وَذَكِّرْ بِهٖٓ اَنْ تُبْسَلَ نَفْسٌ
دنیا کی زندگانی نے اُنکو دھوکا دیا ہے چھوڑ دو اور اسی قرآن کے ذریعہ سے نصیحت کرو
بِمَا كَسَبَتْ ۖ لَيْسَ لَهَا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيٌّ وَّلَا شَفِيْعٌ
کہ نفس اپنے افعال سے باز رہے کیونکہ خدا کے سوا اُسکا کوئی سفارشی اور حمایتی نہوگا
وَاِنْ تَعْدِلْ كُلَّ عَدْلٍ لَّا يُؤْخَذْ مِنْهَا ۗ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ
اور اگر وہ کوئی فدیہ دینا چاہیگا تو اُس سے قبول نہ کیا جائیگا وہ وہی تو ہین جو اپنے
اُبْسِلُوْا بِمَا كَسَبُوْا ۚ لَهُمْ شَرَابٌ مِّنْ حَمِيْمٍ وَّعَذَابٌ
کرتوت کے سبب سے ہلاک کئے گئے اُنہی کے لئے گرم پانی کا پینا ہے اور جن باتوں کا انکار
اَلِيْمٌۢ بِمَا كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ ۝ قُلْ اَنَدْعُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ع ٨ ١٠ ١٤
کیا کرتے تھے اُنہی کے سبب دردناک عذاب ہے تم کہدو کیا ہم خدا کو چھوڑ کر اُنکی عبادت کرین کہ جو
مَا لَا يَنْفَعُنَا وَلَا يَضُرُّنَا وَنُرَدُّ عَلٰٓى اَعْقَابِنَا بَعْدَ اِذْ
ہمکو نہ نفع پہنچائین نہ نقصان اور بعد اسکے کہ خدا ہمکو ہدایت کر چکا ہو مثل اُس شخص کے پچھلے
هَدٰىنَا اللّٰهُ كَالَّذِى اسْتَهْوَتْهُ الشَّيٰطِيْنُ فِى الْاَرْضِ
پاؤن پھر جائین جسکو بھوتون نے زمین مین راستہ بھلا کر حیران کر دیا ہو کہ اُس کے
حَيْرَانَ ۖ لَهٗٓ اَصْحٰبٌ يَّدْعُوْنَهٗٓ اِلَى الْهُدَى ائْتِنَا ۗ قُلْ
یار دوست سیدھے راستے کی طرف بلاتے ہی رہین کہ اِدھر آؤ (اِدھر آؤ) تم کہدو کہ
اِنَّ هُدَى اللّٰهِ هُوَ الْهُدٰى ۗ وَاُمِرْنَا لِنُسْلِمَ لِرَبِّ
اللہ کی ہدایت اصل ہدایت تو وہی ہے اور ہمکو حکم دیا گیا ہے کہ ہم پروردگار عالم
الْعٰلَمِيْنَ ۝ وَاَنْ اَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاتَّقُوْهُ ۗ وَهُوَ الَّذِىْٓ
کو مان لین اور حکم دیا گیا ہے کہ تم نماز پڑھو اور اُس سے ڈرو اور وہ وہی ہے
اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ۝ وَهُوَ الَّذِىْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ
جسکی حضور مین تم محشور کئے جاؤگے اور وہ خدا وہی ہے جسنے آسمانوں اور زمین کو برحق پیدا کیا

بِالْحَقِّ ۭ وَيَوْمَ يَقُوْلُ كُنْ فَيَكُوْنُ ۝ قَوْلُهُ الْحَقُّ ۭ وَلَهُ الْمُلْكُ

اور جس دن کو (کہی جسدن) فرمائیگا ہوا اور ہو جائیگا اُسکا قول حق ہے اور جسدن صور پھونکا جائیگا

يَوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ ۭ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ۭ وَهُوَ الْحَكِيْمُ

اختیار اُسی کا ہوگا غیب کا اور حضوری کا وہ عالم ہے اور وہ صاحب حکمت و خبر

الْخَبِيْرُ ۝ وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهِيْمُ لِاَبِيْهِ اٰزَرَ اَتَتَّخِذُ اَصْنَامًا

ہے اور (اُسوقت کو یاد کرو) جسوقت ابراہیم نے اپنے باپ (یعنی چچا) آزر سے کہا کیا تم بتونکو

اٰلِهَةً ۚ اِنِّيْٓ اَرٰىكَ وَقَوْمَكَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝ وَ

خدا بناتے ہو میں تم کو اور تمہاری قوم کو کھلی گمراہی میں دیکھتا ہوں اور

كَذٰلِكَ نُرِيْٓ اِبْرٰهِيْمَ مَلَكُوْتَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

اس طرح ہم ابراہیم کو آسمان اور زمین کی سلطنت دکھانے لگے

وَلِيَكُوْنَ مِنَ الْمُوْقِنِيْنَ ۝ فَلَمَّا جَنَّ عَلَيْهِ الَّيْلُ رَاٰ

تاکہ وہ یقین کرنے والوں میں سے ہو جائیں پھر جب رات اُن پر چھا گئی تو اُنہوں نے ایک

كَوْكَبًا ۚ قَالَ هٰذَا رَبِّيْ ۚ فَلَمَّآ اَفَلَ قَالَ لَآ اُحِبُّ

ستارہ دیکھا (تو اپنی قوم سے) پوچھا کیا میرا پروردگار یہی ہے پھر جب وہ غروب ہو گیا فرمایا کہ میں غروب ہو جانے والوں

الْاٰفِلِيْنَ ۝ فَلَمَّا رَاَ الْقَمَرَ بَازِغًا قَالَ هٰذَا رَبِّيْ ۚ فَلَمَّآ

کو تو پسند نہیں کرتا پھر جب چاند کو چمکتے دیکھا دریافت کیا کہ آیا یہ میرا رب ہے پھر جب وہ

اَفَلَ قَالَ لَىِٕنْ لَّمْ يَهْدِنِيْ رَبِّيْ لَاَكُوْنَنَّ مِنَ الْقَوْمِ

غروب ہوا فرمایا کہ اگر میرے پروردگار نے مجھے ہدایت نہ کی ہوتی تو میں بھی ضرور گمراہوں میں

الضَّاۗلِّيْنَ ۝ فَلَمَّا رَاَ الشَّمْسَ بَازِغَةً قَالَ هٰذَا رَبِّيْ

سے ہو جاتا پھر جب سورج کو چمکتے دیکھا دریافت کیا کہ آیا یہ میرا پروردگار ہے

هٰذَآ اَكْبَرُ ۚ فَلَمَّآ اَفَلَتْ قَالَ يٰقَوْمِ اِنِّىْ بَرِيْۗءٌ مِّمَّا

سب سے بڑا ہے پھر جب وہ غروب ہو گیا تو فرمایا کہ اے میری قوم میں تو ان سب چیزوں سے جنکو تم

تشركون ○ اني وجهت وجهي للذي فطر السموت

شریک (خدا) کرتے ہو دور ہوں۔ میں تو یکسو ہو کے اور اطاعت گزاری کے لئے حق تعالیٰ کی طرف اپنا رخ کرتا ہوں

والارض حنيفا وما انا من المشركين ○ وحاجه

جسنے آسمانوں کو اور زمین کو پیدا کیا اور میں مشرکین میں سے نہیں ہوں اور انکی قوم نے

قومه قال اتحاجوني في الله وقد هدين ولا اخاف

اُنسے جھگڑا کیا فرمایا کیا تم اللہ کے بارے میں مجھسے جھگڑتے ہو حالانکہ اسنے مجھکو رستہ بتایا ہے اور جن چیزوں کو

ما تشركون به الا ان يشاء ربي شيئا وسع ربي

تم شریک کرتے ہو میں اُنسے نہیں ڈرتا مگر یہ کہ میرا پروردگار ہی خود کچھ چاہے میرے پروردگار کا علم

كل شيء علما افلا تتذكرون ○ وكيف اخاف ما

ہر چیز سے زیادہ ہے کیا تم اتنا نہیں سمجھتے اور جن چیزوں کو تم اُسکا شریک کرتے ہو

اشركتم ولا تخافون انكم اشركتم بالله ما لم ينزل به

میں اُنسے کیونکر ڈروں حالانکہ تم اس بات سے نہیں ڈرتے کہ اللہ کا شریک ٹھہراتے ہو جسکی اسنے

عليكم سلطنا فاي الفريقين احق بالامن ان

اسکی کوئی دلیل تمپر نازل نہیں کی پھر اگر تم علم رکھتے ہو تو سوچو کہ دونوں گروہوں میں سے کونسا گروہ بیخوف

كنتم تعلمون ○ الذين امنوا ولم يلبسوا ايمانهم

رہنے کا مستحق ہے جو ایمان لائے اور اُنہوں نے اپنے ایمان کو ظلم سے نہیں ملا دیا

بظلم اولئك لهم الامن وهم مهتدون ○ وتلك

امن و اطمینان اُنہی کے لئے ہے اور وہی ہدایت یافتہ ہیں اور یہ ہماری

حجتنا اتينها ابرهيم على قومه نرفع درجت من

دلیل تھی جو ہمنے ابراہیم کو اُنکی قوم پر (غلبہ پانیکے لئے) عطا کی تھی ہم جسکے چاہتے ہیں بہت درجے

نشاء ان ربك حكيم عليم ○ ووهبنا له اسحق

بلند کر دیتے ہیں بیشک تمہارا پروردگار صاحب حکمت و علم ہے اور ہمنے انکو اسحٰق و یعقوب عطا کئے

وقف لازم

ع ۹ ۱۳ ۱۵

منزل ۲

وَيَعْقُوبَ كُلًّا هَدَيْنَا وَنُوحًا هَدَيْنَا مِنْ قَبْلُ وَمِنْ

ہرایک کو اپنا راستہ دکھایا اور نوح کو پہلے ہی راستہ دکھایا تھا اور اُنکی

ذُرِّيَّتِهِ دَاوُودَ وَسُلَيْمَانَ وَأَيُّوبَ وَيُوسُفَ وَمُوسَىٰ

اولاد مین سے داؤدؑ کو اور سلیمانؑ کو اور ایوبؑ کو اور یوسفؑ کو اور موسٰیؑ کو

وَهَارُونَ ۚ وَكَذَٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِينَ ۝ وَزَكَرِيَّا وَ

اور ہارونؑ کو (راہ دکھائی) اور ہم نیکی کرنیوالون کو ایسا ہی بدلہ دیا کرتے ہین اور زکریاؑ اور

يَحْيَىٰ وَعِيسَىٰ وَإِلْيَاسَ ۖ كُلٌّ مِنَ الصَّالِحِينَ ۝ وَإِسْمَاعِيلَ

یحیٰےؑ کو اور عیسٰےؑ کو اور الیاسؑ کو (راہ دکھائی) انمین سے ہرایک صلحا مین سے تھا اور اسمعیلؑ کو

وَالْيَسَعَ وَيُونُسَ وَلُوطًا ۚ وَكُلًّا فَضَّلْنَا عَلَى الْعَالَمِينَ ۝

اور الیسعؑ کو اور یونسؑ اور لوطؑ کو (راہ دکھائی) اور ہرایک کو تمام عالمون پر فضیلت دی

وَمِنْ آبَائِهِمْ وَذُرِّيَّاتِهِمْ وَإِخْوَانِهِمْ ۖ وَاجْتَبَيْنَاهُمْ وَ

اور اُنکے باپ دادان مین سے اور اُنکی اولاد مین سے اور اُنکے بھائیون مین سے (جنکو ہم نے مناسب جانا) ہمنے منتخب کرلیا

هَدَيْنَاهُمْ إِلَىٰ صِرَاطٍ مُسْتَقِيمٍ ۝ ذَٰلِكَ هُدَى اللَّهِ

اور راہ راست کی ہدایت کردی یہ اللہ کا راستہ دکھانا ہے

يَهْدِي بِهِ مَنْ يَشَاءُ مِنْ عِبَادِهِ ۚ وَلَوْ أَشْرَكُوا لَحَبِطَ

وہ اپنے بندون مین سے جسے چاہے اپنا راستہ دکھلادے اور اگر اُنہون نے شرک کیا ہوتا تو جو کچھ وہ

عَنْهُمْ مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ۝ أُولَٰئِكَ الَّذِينَ آتَيْنَاهُمُ

کیا کرتے تھے سب اکارت ہو جاتا وہ وہی ہین جنکو ہمنے کتاب اور

الْكِتَابَ وَالْحُكْمَ وَالنُّبُوَّةَ ۚ فَإِنْ يَكْفُرْ بِهَا هَٰؤُلَاءِ فَقَدْ

حکومت اور نبوت عطا کی پھر اگر یہ (کفار) ان چیزونکا انکار کرین تو کچھ پرواہ

وَكَّلْنَا بِهَا قَوْمًا لَيْسُوا بِهَا بِكَافِرِينَ ۝ أُولَٰئِكَ الَّذِينَ

نہین کیونکہ) ہمنے تو یہ اُن لوگونکے سپرد کی ہین جو اُنکے منکر نہین ہین وہ وہی تو ہین

هُدَى اللّٰهِ فَبِهُدٰىهُمُ اقْتَدِهْ ؕ قُلْ لَّآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ
جنکو اللہ نے راستہ دکھلایا ہے پس اے رسول تم انہی کے رستے پر چلو کہدو کہ میں تم سے اسپر کچھ اجرت
اَجْرًا ؕ اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٰى لِلْعٰلَمِيْنَ ۝ وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ ع ۸ ۱۰ ۱۶
نہیں مانگتا یہ تو اور کچھ نہیں ہے مگر کل عالمون کے لئے ایک نصیحت ہے اور ان لوگون نے خدا کی ایسی قدر نہ کی
حَقَّ قَدْرِهٖٓ اِذْ قَالُوْا مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ عَلٰى بَشَرٍ مِّنْ شَيْءٍ ؕ
جیسا کہ حق قدر کرنیکا تھا جبکہ انہون نے یہ کہدیا کہ اللہ نے تو کسی آدمی پر کوئی چیز نازل ہی نہیں کی تم دریافت کرو
قُلْ مَنْ اَنْزَلَ الْكِتٰبَ الَّذِيْ جَآءَ بِهٖ مُوْسٰى نُوْرًا وَّ
وہ کتاب جو موسیٰ لائے تھے کسنے نازل کی تھی جو کل آدمیون کے لئے روشنی
هُدًى لِّلنَّاسِ تَجْعَلُوْنَهٗ قَرَاطِيْسَ تُبْدُوْنَهَا وَتُخْفُوْنَ
اور ہدایت تھی جسکو تمنے ورق ورق کر رکھا ہے جنکو تم ظاہر کرتے ہو اور بہت سے کو
كَثِيْرًا ۚ وَعُلِّمْتُمْ مَّا لَمْ تَعْلَمُوْٓا اَنْتُمْ وَلَآ اٰبَآؤُكُمْ ؕ قُلِ اللّٰهُ ۙ
چھپاتے ہو اور تمکو وہ کچھ سکھایا گیا ہے جسکو تم اور تمہارے باپ دادا جانتے بھی نہ تھے کہدو وہ اللہ نے
ثُمَّ ذَرْهُمْ فِيْ خَوْضِهِمْ يَلْعَبُوْنَ ۝ وَهٰذَا كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ
پھر انکو چھوڑدو کہ وہ اپنے بیہودہ خیالات میں پڑے کھیلتے رہیں اور یہ وہ کتاب ہے جسکو ہمنے نازل کیا ہے
مُبٰرَكٌ مُّصَدِّقُ الَّذِيْ بَيْنَ يَدَيْهِ وَلِتُنْذِرَ اُمَّ الْقُرٰى
برکت والی ہے اپنے سے پہلی کتاب کی تصدیق کرتی ہے تاکہ تم مکہ والونکو اور اسکے حوالی کے رہنے والونکو
وَمَنْ حَوْلَهَا ؕ وَالَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ
ڈراؤ اور جو آخرت پر ایمان رکھتے ہیں اور اپنی نمازون کی حفاظت کرتے ہیں
وَهُمْ عَلٰى صَلَاتِهِمْ يُحَافِظُوْنَ ۝ وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ
وہ اس کتاب پر بھی ایمان رکھتے ہیں۔ اور اس سے زیادہ ظالم کون ہوگا جو
افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا اَوْ قَالَ اُوْحِيَ اِلَيَّ وَلَمْ يُوْحَ اِلَيْهِ
اللہ پر جھوٹا بہتان باندھے یا یہ کہدے کہ مجھپر (بھی) وحی آتی ہے حالانکہ اسپر کوئی وحی نہیں بھیجی

شَيْءٌ وَمَنْ قَالَ سَأُنْزِلُ مِثْلَ مَا أَنْزَلَ اللَّهُ وَلَوْ تَرَى

اور جو یہ کہدے کہ میں بھی ایسا ہی کلام نازل کردونگا جیسا کہ اللہ نے نازل کیا ہے اور کاش

إِذِ الظَّالِمُونَ فِي غَمَرَاتِ الْمَوْتِ وَالْمَلَائِكَةُ بَاسِطُوا

تو دیکھے جب یہ ظالم موت کی سختیوں میں ہوں اور فرشتے ہاتھ بڑھائے ہوئے (کہتے) ہوں

أَيْدِيهِمْ أَخْرِجُوا أَنْفُسَكُمُ الْيَوْمَ تُجْزَوْنَ عَذَابَ

کہ اپنی جانیں حوالے کردو آج تم ذلت کے عذاب سے سزا یاب

الْهُونِ بِمَا كُنْتُمْ تَقُولُونَ عَلَى اللَّهِ غَيْرَ الْحَقِّ وَكُنْتُمْ

ہوگے بوجہ اسکے کہ تم خدا کے برخلاف ناحق باتیں بنایا کرتے تھے اور اسکی آیتوں

عَنْ آيَاتِهِ تَسْتَكْبِرُونَ ○ وَلَقَدْ جِئْتُمُونَا فُرَادَى كَمَا

(کے ماننے) سے اکڑا کرتے تھے اور تم ہمارے پاس ایک ایک کرکے آئے جیسا کہ ہمنے

خَلَقْنَاكُمْ أَوَّلَ مَرَّةٍ وَتَرَكْتُمْ مَا خَوَّلْنَاكُمْ وَرَاءَ ظُهُورِكُمْ

پہلی دفعہ تمکو پیدا کیا تھا اور جو کچھ ہمنے تمکو دیا تھا وہ تم اپنے پیچھے چھوڑ آئے

وَمَا نَرَى مَعَكُمْ شُفَعَاءَكُمُ الَّذِينَ زَعَمْتُمْ أَنَّهُمْ فِيكُمْ

اور ہم تمہاری اُن سفارش کرنیوالوں کو تمہارے ساتھ نہیں دیکھتے جنکی نسبت تمکو یہ گمان تھا کہ وہ

شُرَكَاءُ لَقَدْ تَقَطَّعَ بَيْنَكُمْ وَضَلَّ عَنْكُمْ مَا كُنْتُمْ تَزْعُمُونَ ○ ع ١٤

تمہارے حق میں ہمارے شریک ہیں تمہارے اور انکے درمیان یقیناً جدائی ہوگئی اور جس چیز کا تمکو گھمنڈ تھا وہی تم سے جاتی رہی

إِنَّ اللَّهَ فَالِقُ الْحَبِّ وَالنَّوَى يُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَ

بیشک خدا دانہ کا اور گٹھلی کا شگافتہ کرنیوالا ہے مردہ سے زندہ کو نکالتا ہے اور

مُخْرِجُ الْمَيِّتِ مِنَ الْحَيِّ ذَٰلِكُمُ اللَّهُ فَأَنَّى تُؤْفَكُونَ ○ فَالِقُ

زندہ کو مردہ سے نکالنے والا ہے وہی اللہ ہے پھر تم کدھر بہکے جاتے ہو (وہ) صبح کا نور

الْإِصْبَاحِ وَجَعَلَ اللَّيْلَ سَكَنًا وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ

نکالنیوالا ہے اور رات کو اسنے سکون قرار دیا ہے اور چاند اور سورج کو

زمانہ تھے کہ خدا [illegible] شب کو ہر جیز کیلئے راحت اور سکون قرار دیا ہے

حُسْبَانًا ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ○ وَهُوَ الَّذِيْ جَعَلَ

حساب یہ زبردست صاحب علم کا مقرر کیا ہوا ہے اور وہ وہی ہے جسنے ستاروں کو

لَكُمُ النُّجُوْمَ لِتَهْتَدُوْا بِهَا فِيْ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ قَدْ

تمہارے لئے مقرر کیا ہے کہ تم اُنکے ذریعہ سے خشکی اور تری کی اندھیریوں میں راہ پالو یقیناً جاننے

فَصَّلْنَا الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ○ وَهُوَ الَّذِيْٓ اَنْشَاَكُمْ

والے لوگوں کے لئے ہم نے کھول کر آئتیں بیان کر دیں اور وہ وہی ہے جسنے تمکو

مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ فَمُسْتَقَرٌّ وَّمُسْتَوْدَعٌ ع قَدْ فَصَّلْنَا

ایک ذات سے پیدا کیا پھر قرار کی جگہ ہے اور سپردگی کا مقام بیشک سمجھنے والوں کے لئے

الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّفْقَهُوْنَ ○ وَهُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَاۗءِ

ہمنے آئتیں کھول کر بیان کر دیں اور وہ وہی ہے جسنے آسمان سے پانی اُتارا

مَاۗءً فَاَخْرَجْنَا بِهٖ نَبَاتَ كُلِّ شَيْءٍ فَاَخْرَجْنَا مِنْهُ خَضِرًا

جسکے ذریعہ سے ہمنے ہر قسم کی روئیدگی پیدا کی پھر اُس سے ہمنے ہری ٹہنیاں نکالیں

نُّخْرِجُ مِنْهُ حَبًّا مُّتَرَاكِبًا ۚ وَمِنَ النَّخْلِ مِنْ طَلْعِهَا

جنمیں سے ہم گتھے ہوئے دانے نکالتے ہیں اور درخت خرما کے گابھے میں سے لٹکتے ہوئے

قِنْوَانٌ دَانِيَةٌ وَّجَنّٰتٍ مِّنْ اَعْنَابٍ وَّالزَّيْتُوْنَ وَالرُّمَّانَ

گچھے (نکلتے ہیں) اور انگور کے باغ اور زیتون و انار (ہم پیدا کرتے ہیں کہ آپس میں)

مُشْتَبِهًا وَّغَيْرَ مُتَشَابِهٍ ۭ اُنْظُرُوْٓا اِلٰى ثَمَرِهٖٓ اِذَآ اَثْمَرَ

ملتے جلتے بھی ہیں اور بے میل بھی اُسکے پھل کی طرف جبکہ وہ پھل لائے اور اُسکی پختگی کی طرف تو نظر

وَيَنْعِهٖ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكُمْ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ○

بھر کے دیکھو بیشک اس میں اُن لوگوں کے لئے جو ایمان لائیں نشانیاں موجود ہیں

وَجَعَلُوْا لِلّٰهِ شُرَكَاۗءَ الْجِنَّ وَخَلَقَهُمْ وَخَرَقُوْا لَهٗ

اور اُنہوں نے تو اللہ کا شریک جنوں کو بنا لیا حالانکہ اُنکو اللہ ہی نے پیدا کیا ہے اور اُسکے لئے

ع ۱۲ ۶ ۱۸

بَنِيْنَ وَبَنٰتٍۢ بِغَيْرِ عِلْمٍ ۗ سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا

بغیر جانے بوجھے بیٹے اور بیٹیاں ٹھہرا دیں جو کچھ وہ بیان کرتے ہیں اُس سے اُسکی ذات

يَصِفُوْنَ ۝ بَدِيْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۗ اَنّٰى يَكُوْنُ

منزہ اور برتر ہے آسمانوں اور زمین کا بنانے والا اُسکے بچہ کہاں سے

لَهٗ وَلَدٌ وَّلَمْ تَكُنْ لَّهٗ صَاحِبَةٌ ۗ وَخَلَقَ كُلَّ شَيْءٍ ۚ وَهُوَ

ہوگا حالانکہ اُسکے کوئی جورو نہیں ہے اور اُسی نے ہر چیز کو پیدا کیا ہے اور وہ

بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۝ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ

ہر چیز کو جاننے والا ہے وہی اللہ تو تمہارا پروردگار ہے کوئی معبود اُسکے سوا نہیں

خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ فَاعْبُدُوْهُ ۚ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ وَّكِيْلٌ ۝

ہر چیز کا پیدا کرنے والا ہے پس اُسی کی تم عبادت کرو اور وہی ہر چیز کا محافظ ہے

لَا تُدْرِكُهُ الْاَبْصَارُ ۫ وَهُوَ يُدْرِكُ الْاَبْصَارَ ۚ وَهُوَ

نظریں اُسکو نہیں پا سکتیں حالانکہ وہ بینائیوں کو محسوس کرتا ہے اور وہ

اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ ۝ قَدْ جَآءَكُمْ بَصَآئِرُ مِنْ رَّبِّكُمْ ۚ

باریک بین و خبردار ہے بیشک تمہارے پروردگار کے پاس سے تمہارے پاس دلیلیں آچکیں

فَمَنْ اَبْصَرَ فَلِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ عَمِيَ فَعَلَيْهَا ۭ وَمَآ اَنَا

اب جو دیکھے نفع اُسکی ذات کے لئے ہے اور جو آنکھیں بند کرلے ضرر اُسکے لئے ہے اور میں تمہارا کچھ

عَلَيْكُمْ بِحَفِيْظٍ ۝ وَكَذٰلِكَ نُصَرِّفُ الْاٰيٰتِ وَلِيَقُوْلُوْا

(داروغہ) نگران نہیں ہوں اور ہم آیتوں کو اسی طرح الٹ پلٹ کرتے ہیں اور اسلئے کہ وہ یہ کہیں

دَرَسْتَ وَلِنُبَيِّنَهٗ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ۝ اِتَّبِعْ مَآ

کہ تُنے کہیں تعلیم پائی ہے اور اسلئے کہ ہم کھول کر بیان کردیں اُن لوگوں کیلئے جو سمجھ سکتے ہیں جو وحی تمہارے

اُوْحِيَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ وَاَعْرِضْ

رب کی طرف سے تمکو کی گئی ہے اُسکی پیروی کرو اُسکے سوا کوئی معبود نہیں ہے اور مشرکوں سے

عَنِ الْمُشْرِكِيْنَ ○ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ مَآ اَشْرَكُوْا ۭ وَمَا

الگ رہو اور اگر اللہ کو منظور ہوتا تو وہ شرک ہی نہ کرتے اور ہمنے

جَعَلْنٰكَ عَلَيْهِمْ حَفِيْظًا ۚ وَمَآ اَنْتَ عَلَيْهِمْ بِوَكِيْلٍ ○

تمکو اُنکا نگہبان نہیں بنایا ہے اور نہ تم اُنکے ذمہ دار ہو

وَلَا تَسُبُّوا الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَيَسُبُّوا اللّٰهَ

اور جو لوگ اللہ کے سوا کسی دوسرے کو پکارتے ہیں اُنکو برا بھلا نہ کہو کہ وہ بغیر سمجھے بوجھے

عَدْوًاۢ بِغَيْرِ عِلْمٍ ۭ كَذٰلِكَ زَيَّنَّا لِكُلِّ اُمَّةٍ عَمَلَهُمْ

بے ادبی سے اللہ کو برا کہیں گے اسی طرح سے ہمنے ہر ایک گروہ کے لئے اُسکے عمل کو زینت دی

ثُمَّ اِلٰى رَبِّهِمْ مَّرْجِعُهُمْ فَيُنَبِّئُهُمْ بِمَا كَانُوْا

پھر اُنکی بازگشت اُنکے رب کی طرف ہے پھر وہ جو کچھ عمل کیا کرتے تھے اُس سے اُنکو

يَعْمَلُوْنَ ○ وَاَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ

آگاہ کردیگا اور اُنہوں نے پوری کوشش سے اللہ کی قسم کھائی تھی کہ اگر کوئی

لَئِنْ جَآءَتْهُمْ اٰيَةٌ لَّيُؤْمِنُنَّ بِهَا ۭ قُلْ اِنَّمَا

آیت اُنکے پاس آئے گی تو وہ ضرور اُسپر ایمان لائیں گے تم کہدو کہ آیات تو

الْاٰيٰتُ عِنْدَ اللّٰهِ وَمَا يُشْعِرُكُمْ اَنَّهَآ اِذَا

صرف خدا کے اختیار میں ہیں اور تم کیا جانتے ہو کہ یہ معجزہ

جَآءَتْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ○ وَنُقَلِّبُ اَفْـِٕدَتَهُمْ

دیکھکر بھی ایمان نہ لائیں گے اور ہم اُنکے دلوں کو اور اُنکی آنکھوں کو

وَاَبْصَارَهُمْ كَمَا لَمْ يُؤْمِنُوْا بِهٖٓ اَوَّلَ مَرَّةٍ

اُلٹ دیں گے گویا کہ وہ اول مرتبہ (ہی) ایمان

وَّنَذَرُهُمْ فِيْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ○ ع ۱۳

نہ لائے تھے اور ہم اُنکو اُنہی کی سرکشی میں چھوڑ دینگے کہ وہ سرگردان رہیں